ilmkidunya

Islamiat - 10th Class Islamiat Chapter 7 (Urdu Medium)

Q1. توکل کا کیا معنی ہے.

Ans 1: توکل کا معنی ہے کہ انسان اسباب ضرور اختیار کرے لیکن اس کا بھروسہ صرف اللہ تعالی کی ذات پر ہو.

Q2. قران کریم نے کس بنیاد پر تمام عالم کے انسانوں کو کنبہ قرار دیا ہے.

Ans 1: قران کریم نے تمام عالم کے انسانوں کو حق، بھلائی اور خلقی شرافت و کرامت کی بنیاد پر ایک کنبہ قرار دیا.

Q3. آسلامی تہذیب کی بنیاد پر کس پر ہے.

Ans 1: اسلامی تہذیب کی بنیاد قرآن مجید اور سنت کریم خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم پر ہے.

Q4. اسلام نے انسانیت کی منتشر صفوں میں کون سی روح پیدا کی.

Ans 1: اسلام نے انسانیت کی منتشر صفوں میں اتحاد و الفت اور اخوت کی روح پیدا کی.

Q5. قرآن و سنت میں آنے والے دنوں کےلیے تیاری کا کیا حکم دیا گیا ہے.

Ans 1: قرآن و سنت میں ہمیں موت کے بعد آنے والی زندگی کے لے تیاری کرنے کے ساتھ ساتھ یہ تعلیم دی گئی ہے کہ ہم دنیا میں بھی آنے والے دنون کے لیے تیاری کریں

Q6. مستقبل کی منصوبہ بند کی بارے میں ایک آیت مبارکہ کا ترجمہ لکھیں.

Ans 1: اللہ تعالی کا ارشاد ہے."اور مسلمانو تم ان کفار لڑنے کے لیے تیاری رکھو جتنی قوت تم سے ممکن ہو."

Q7. مستقبل کی منصوبہ بندی کے دو فائدے تحریرکریں.

Ans 1: 1- بہتس ے وسائل ضائع ہونے سے بچ جاتے ہیں.. 2- خوش حالی اور آسودگی نصیب ہوتی ہے.

Q8. مستقبل کے لیے منصوبہ بندی اور سوچ بچار کرنا کس کی سنت ہے.

Ans 1: مستقبل کے لیے منصوبہ بندی اور سوچ بچار کرنا نبی کریم خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت مبارک ہے.

Q9. کیا چیز توکل کے خلاف نہیں ہے.

Ans 1: مستقبال میں کسی قسم کی تکلیف اور پریشانی سے بچنے کے لے ابھی سے کوشش کرنا اور وسائل اکھٹے کرنا توکل کے خلاف نہیں ہے.

Q10. اسلام نے ایک دوسرے کے جانی دشمنوں کو کس طرح بھائی بھائی بنا دیا.

Ans 1: اسلام نے عداوت ، حسد ، کینہ اور بغض کا خاتمہ کردیا اور ایک دوسرے کے جانی دشمنوں کو بھائی بھائی بنا دیا.